2nd India-Netherlands Cyber Dialogue

February 03, 2023

ہندوستان-نیدرلینڈز سائبر مذکرات کا دوسرا دور

فروری 03، 2023

ہندوستان اور نیدرلینڈز کے درمیان سائبر مذاکرات کے دوسرے دور کی بات چیت مورخہ 03 فروری 2023 کو نئی دہلی میں منعقد ہوئی۔ مذکرات کی صدارت مشترکہ طور پر وزارت خارجہ کے جوائنٹ سکریٹری (سائبر ڈپلومیسی ڈویژن) محترمہ موان پوئی سیاوی اور نیدرلینڈ حکومت میں سیکورٹی پالیسی اور سائبر کے لیے امبیسڈر ایٹ لارج محترمہ نتالی جارساما نے انجام دی۔

2۔ اس موقع پر ہندوستانی وفد میں ایم ای اے، وزارت داخلہ (ایم ایچ اے)، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی وزارت (MEITY)، محکمہ ٹیلی مواصلات ((DoT)، CERT-In اور نیشنل کریٹیکل انفارمیشن انفراسٹرکچر پروٹیکشن سینٹر (NCIPC) کے اعلی عہدیداران شامل تھے۔ نیدرلینڈ کے وفد میں وزارت خارجہ کی سائبر ٹاسک فورس کے اعلیٰ حکام اور ہالینڈ حکومت کے سفارت خانے کے نمائندے بشمول انوویشن اور دفاع امور سے متعلق عہدیداران نے شرکت کی۔

3۔ ہندوستان-ہالینڈ کے درمیان دوسرا سائبر مذاکرات عالمی سائبر اسپیس میں حالیہ پیش رفت کے تناظر اور ہندوستان اور نیدرلینڈ کے درمیان متعلقہ سائبر ایجنسیوں/محکموں کے درمیان ایک جامع اور گہرا سائبر تعاون قائم کرنے کے لیے منعقد کیا گیا تھا۔ یہ سائبر مذاکرات دونوں ممالک کو سائبر اسپیس میں اہمیت کے حامل معاصر موضوعات کے ساتھ ساتھ باہمی دلچسپی کے اعلیٰ سطحی مسائل پر بات چیت کرنے کا ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔

4۔ اس مذاکرے کے دوران سٹریٹجک ترجیحات، سائبر خطرے کی تشخیص، نیکسٹ جنریشن ٹیلی مواصلات (بشمول G5 ٹیکنالوجی)، صلاحیت کی تعمیر (بشمول انڈو-ڈچ سائبر سیکورٹی اسکول) اور کثیرلجہتی فورم میں باہمی تعاون، اور اقوام متحدہ میں سائبر کے شعبے میں ہوئی تازہ ترین پیش رفت کے موضوعات پر بات چیت کی گئی۔ ہندوستان اور ہالینڈ نے متعلقہ اسٹیک ہولڈروں کو شامل کرنے کے ساتھ مزید باہمی تعاون کے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا۔

5۔ ہندوستان اور ہالینڈ کے درمیان سائبر کے معاملے پر تیسرے دور کی مذاکرات 2024 میں منعقد ہوگی۔

نئی دہلی

فروری 03، 2023

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.